الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ:-20 مئی 2022اسلام آباد

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عام انتخابات کے لئے ملک بھر میں غیر حتمی انتخابی فہرستوں کی اشاعت کے لئے ملک بھر میں ڈسپلے سینٹرقائم کر دیئے ہیں ۔جس میں غیر حتمی انتخابی فہرستیں عوام الناس کے معائنہ کے لئے رکھی جائیں گی۔ اس دوران ووٹرز اپنے اور اپنے اہل خانہ کے ناموں کے اندراج اورکوائف کی جانچ پڑتال کرسکتے ہیں ۔ڈسپلے سینٹر21مئی 2022سے لے کر 19جون 2022 تک کھلے رہیں گے ۔اگر کسی اہل فرد کا ووٹ درج نہیں ہے تو وہ شناختی کارڈ کے مستقل یاعارضی پتہ کےمطابق اپنا ووٹ درج کروا سکتا ہے ۔ نیزکسی غیر متعلقہ / فوت شدہ ووٹر کے ووٹ کااخراج اور شناختی کارڈ کے مطابق کوائف کی درستگی بھی کروائی جاسکتی ہے ۔ سرکاری ملازمین او ر ان کے اہل خانہ عارضی پتہ پر اپنے ووٹ کا اندراج و منتقلی کرواسکتے ہیں ۔ ملک بھر میں کل 20159ڈسپلے سینٹرز تعلیمی اداروں اور سرکاری عمارتوں میں قائم کئے گئے ہیں جن میں سے صوبہ پنجاب 12037، سندھ 3609 ، خیر پختونخوا ہ میں 3040 جبکہ بلوچستان میں 1473 ہیں۔ تمام فارموں)اندراج ، اخراج ودرستگی ( پر کارروائی کے لئے 525 حاکم نظرثانی کی تعیناتی بھی کردی گئی ہے ۔ فارم ڈسپلے سینٹرز کے علاوہ ،ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر وں ، اسسٹنٹ رجسٹریشن افسران کے دفاتر اور اور الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pk پر بھی موجود ہیں ۔ ووٹ کے اندراج کے لئے بھی فارم 15 کوائف کی درستگی کے لئے فارم 17جبکہ ووٹ کے ٹرانسفر کے لئے بھی فارم 15 پُر کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ کوئی بھی ووٹر اپنے انتخابی علاقے کی انتخابی فہرستوں میں موجود کسی بھی غیر متعلقہ ووٹر کےخلاف فارم 16 پُرکرکے اعتراض جمع کراسکتا ہے ۔

تمام ڈسپلے سینٹر ز میں مطلوبہ فارم فراہم کر دیئے گئےہیں تاکہ عوام الناس کو مہیا کئے جائیں ۔